India declares one-day national mourning on demise of President of the UAE and Ruler of Abu Dhabi

May 13, 2022

متحدہ عرب امارات کے صدر اور ابوظہبی کے حکمران کے انتقال پر ہندوستان کا ایک روزہ قومی سوگ کا اعلان

13 مئی، 2022

حکومت ہند نے کل 14 مئی 2022 کو متحدہ عرب امارات کے صدر اور ابوظہبی کے حکمران عزت مآب شیخ خلیفہ بن زاید النہیان کی یاد میں ایک روزہ قومی سوگ کا اعلان کیا ہے جن کا آج انتقال ہوگیا ہے۔ ہندوستان بھر میں یوم سوگ پر ان تمام عمارتوں پر قومی پرچم سرنگوں رہے گا جہاں قومی پرچم باقاعدگی سے لہرایا جاتا ہے اور اس دن کوئی سرکاری تفریح نہیں ہوگی۔

ہندوستان کے صدر جناب رام ناتھ کووند اور ہندوستان کے وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے بھی شیخ خلیفہ بن زید النہیان کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے پیغامات میں، انہوں نے اس بات کا ذکر کیا کہ وہ ایک مدبر اور بصیرت والے رہنما تھے، اور انہوں نے ہندوستان- متحدہ عرب امارات کے باہمی تعلقات کو مضبوط بنانے اور متحدہ عرب امارات میں ہندوستانی کمیونٹی کی فلاح و بہبود میں ان کے تعاون کو یاد کیا۔

نئی دہلی

13 مئی، 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.